22.07.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

-------------------------------------

*پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہوگیا ہے۔ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے لوک سبھا میں2023-24 کا اقتصادی جائزہ پیش کیا۔

*اقتصادی جائزے میں نئے مالی سال میں جی ڈی پی کی شرح ترقی ساڑھے چھ سے لے کر سات فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

*وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ کَل پیش کیے جانے والے مرکزی بجٹ سے وِکست بھارت کی مضبوط بنیاد قائم ہوگی۔

*مرکزی وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے زور دے کر کہا ہے کہ مبینہ نیٹ-یوجی پیپر لیک کیس میں چھپانے کیلئے کچھ نہیں ہے۔

* سالانہ کانوڑ یاترا مذہبی جوش و خروش کے ساتھ شروع ہوگئی ہے۔ دلّی پولیس نے ٹریفک سے متعلق تفصیلی ایڈوائزری جاری کی ہے۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

## Economic Survey

سال 2023-24 کے اقتصادی جائزے میں مالی سال 2024-25 کے دوران حقیقی مجموعی اندرون ملک پیداوار GDP کی شرح ترقی ساڑھے چھ سے لے کر سات فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے آج پہلے دِن مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رَمن نے لوک سبھا میں اقتصادی جائزہ پیش کیا۔

جائزے کے مطابق غیر یقینی عالمی اقتصادی کارکردگی کے باوجود مالی سال 2023-24 میں معاشی ترقی میں اندرون ملک ترقی کا اہم رول رہا۔ جائزے میں کہا گیا ہے کہ سامان، اشیاء اور خدمات کی برآمدات میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

اِس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ بھارتی موسمیات محکمے کی جانب سے معمول کی بارش کی پیشگوئی کیے جانے اورجنوب مغربی مانسون کے اطمینان بخش طریقے سے آگے بڑھنے سے زرعی شعبے کی کارکردگی بہتر ہوسکے گی اور دیہی مانگ بھی پھر سے بڑھ سکے گی۔

جائزے میں یہ بھی کہا گیا ہے GST اور IBC جیسی ڈھانچے سے متعلق اصلاحات کے خاطر خواہ نتیجے مل رہے ہیں۔

## Parliament PM

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ کَل جو مرکزی بجٹ پیش کیا جائے گا، اُس سے اگلے 5 سال کے ترقی کے سفر کی سمت طے ہوگی اور 2047 تک وِکست بھارت کے خواب کی تکمیل کی بنیاد پڑے گی۔ جناب مودی آج بجٹ اجلاس شروع ہونے سے قبل پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کررہے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عوام نے حالیہ لوک سبھا انتخابات میں اپنا فیصلہ سُنا دیا ہے اور اَب سبھی سیاسی پارٹیوں کو اگلے 5 سال کیلئے ملک کی خاطر مل کر جدوجہد کرنی چاہئے۔

جناب مودی نے اپوزیشن پارٹیوں کی مبینہ منفی سیاست کے لیے اُن پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارٹیاں اپنی ناکامی کو چھپانے کیلئے پارلیمنٹ کے وقت کا استعمال کرتی ہیں۔

گزشتہ اجلاس کی کارروائی میں رُکاوٹ پڑنے کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیوں نے پارلیمنٹ میں اُن کی آواز دبانے کی کوشش کی۔

انھوں نے کہا کہ جمہوریت میں اِس طرح کے ہتھکنڈے کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ اُن کی سرکار اُن گارنٹیوں پر عمل درآمد کیلئے آگے بڑھ رہی ہے، جس کا انھوں نے عوام سے وعدہ کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بجٹ اجلاس ملک کے شاندار جمہوری سفر میں ایک اہم منزل کے مترادف ہے۔

وزیراعظم نے سیاسی پارٹیوں پر بھی زور دیا کہ پارٹی وابستگی سے اُوپر اُٹھیں اور اگلے ساڑھے چار سال کیلئے خود کو ملک کیلئے وقف کردیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ سبھی پارٹیوں کو چاہئے کہ وہ کسانوں اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے شامل ہوں، کیونکہ سیاسی لڑائی تو 2029 میں لڑی جاسکتی ہے، جب چناؤ ہوگا۔

## SC-Ashish Mishra

سپریم کورٹ نے2021 کے لکھیم پور کھیری تشدد کے سلسلے میں سابق مرکزی وزیر اجے مشرا کے بیٹے آشیش مشرا کو ضمانت دے دی ہے۔ اِس واقعے میں آٹھ افراد کی موت ہوئی تھی۔ البتہ عدالت نے آشیش مشرا کی نقل و حرکت دلّی یا لکھنؤ تک محدود کردی ہے۔ عدالت عالیہ نے ذیلی عدالت کو یہ ہدایت بھی دی ہے کہ سماعت میں تیزی لائی جائے اور اِس کی تاریخ طے کی جائے۔

جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Ujjal Bhuyan پر مشتمل ایک بنچ نے اِس کیس میں ملوث کسانوں کو بھی ضمانت دے دی ہے اور ذیلی عدالت کو اپنی کارروائی میں تیزی لانے کی ہدایت

دی ہے۔عدالت نے اِس سے پہلے پچھلے سال 25 جنوری کو مشرا کی عبوری ضمانت منظور کی تھی۔

**LS Neet Paper Leak**

تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ملک میں اَب تک پٹنہ کے نزدیک NEET-UG پیپر لیک ہونے کا صرف ایک واقعہ سامنے آیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ CBI اِس معاملے کی تحقیقات کررہی ہے اور NEET امتحان کا معاملہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے۔

جناب پردھان آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دے رہے تھے۔ انھوں نے اپوزیشن پارٹیوں کے اِن الزامات کو مسترد کردیا کہ ملک میں پیپر لیک ہونے کے واقعات بڑھ گئے ہیں۔ جناب پردھان نے بتایا کہ NEET-UG امتحان کے لیے چار ہزار700 مراکز قائم کیے گئے تھے اور صرف ایک مقام سے خامیوں اور غلط طور طریقے اپنائے جانے کی اطلاع ملی ہے۔

اِس سے پہلے اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے یہ الزام لگاتے ہوئے یہ معاملہ اُٹھایا کہ ملک کے امتحانات سے متعلق نظام میں بہت سنگین مسئلہ پیدا ہوگیا ہے۔

انھوں نے اِس معاملے پر جناب دھرمیندر پردھان کی نکتہ چینی کی اور کہا کہ ملک میں لاکھوں طلبہ کو امتحان اور اپنے مستقبل کے تعلق سے بہت تشویش ہے۔

آج پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پہلے دِن کچھ دیگر اپوزیشن ارکان نے بھی ایوان میں پیپر لیک ہونے کا معاملہ اُٹھایا، جن میں سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو اور RSP کے این کے پریم چندرن شامل ہیں۔

اُدھر راجیہ سبھا میں اجلاس کے پہلے دِن آج صبح جیسے ہی ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کانگریس، بائیں بازو کی پارٹیوں، ترنمول کانگریس اور دیگر پارٹیوں کی طرف سے پیش کردہ التوا کے نوٹس مسترد کردیئے۔

اِن پارٹیوں نے اترپردیش سرکار کی جانب سے مبینہ ہدایت کے معاملے پر یہ نوٹس دیئے تھے۔ اِس ہدایت میں مبینہ طور پر کانوڑ یاترا کے راستوں پر دکانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے مالک اور وہاں کام کرنے والے اہلکاروں کے نام واضح طور پر تحریر کریں۔

**LS-Neet Paper Leak**

تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ملک میں اَب تک پٹنہ کے نزدیک NEET-UG پیپر لیک ہونے کا صرف ایک واقعہ سامنے آیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ CBI اِس معاملے کی تحقیقات کررہی ہے اور NEET امتحان کا معاملہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے۔جناب پردھان آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دے رہے تھے۔ انھوں نے اپوزیشن پارٹیوں کے اِن الزامات کو مسترد کردیا کہ ملک میں پیپر لیک ہونے کے واقعات بڑھ گئے ہیں۔ جناب پردھان نے بتایا کہ NEET-UG امتحان کے لیے چار ہزار700 مراکز قائم کیے گئے تھے اور صرف ایک مقام سے خامیوں اور غلط طور طریقے اپنائے جانے کی اطلاع ملی ہے۔اِس سے

پہلے اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے یہ الزام لگاتے ہوئے یہ معاملہ اُٹھایا کہ ملک کے امتحانات سے متعلق نظام میں بہت سنگین مسئلہ پیدا ہوگیا ہے۔انھوں نے اِس معاملے پر جناب دھرمیندر پردھان کی نکتہ چینی کی اور کہا کہ ملک میں لاکھوں طلبہ کو امتحان اور اپنے مستقبل کے تعلق سے بہت تشویش ہے۔ آج پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پہلے دِن کچھ دیگر اپوزیشن ارکان نے بھی ایوان میں پیپر لیک ہونے کا معاملہ اُٹھایا، جن میں سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو اور RSPکے این کے پریم چندرن شامل ہیں۔اُدھر راجیہ سبھا میں اجلاس کے پہلے دِن آج صبح جیسے ہی ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کانگریس، بائیں بازو کی پارٹیوں، ترنمول کانگریس اور دیگر پارٹیوں کی طرف سے پیش کردہ التوا کے نوٹس مسترد کردیئے۔اِن پارٹیوں نے اترپردیش سرکار کی جانب سے مبینہ ہدایت کے معاملے پر یہ نوٹس دیئے تھے۔ اِس ہدایت میں مبینہ طور پر کانوڑ یاترا کے راستوں پر دکانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے مالک اور وہاں کام کرنے والے اہلکاروں کے نام واضح طور پر تحریر کریں۔

## Kanwar Yatra

Shravanمہینے کے لیے سالانہ کانوڑ یاترا آج شروع ہوگئی ہے۔ اِس یاترا کے دوران بڑی تعداد میں عقیدت مند دریائے گنگا سے پوتر جل لینے کے لیے اتراکھنڈ میں ہریدوار، Gaumukhاور گنگوتری جاتے ہیں۔ اتراکھنڈ اور اترپردیش کی حکومتوں نے عقیدتمندوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔ ہریدوار ضلع انتظامیہ نے اندازہ لگایا ہے کہ اِس سال کانوڑ میلے میں 5 کروڑ عقیدت مند شرکت کرسکتے ہیں۔جھارکھنڈ میں ساون کے مہینے کے دوران ملک بھر سے لاکھوں عقیدت مند بابا بید ناتھ مندر میں پوجا ارچنا کے لیے دیوگھر جاتے ہیں۔ دلی میں پولیس نے کانوڑ یاترا کے لیے ٹریفک سے متعلق ہدایات جاری کی ہیں۔ ایک بڑی تعداد میں کانوڑ یاتری دلی پہنچے ہیں۔ اِس سال اِن کی تعداد تقریباً 15 سے 20 لاکھ رہنے کا امکان ہے۔

## NITI-WIPO

نیتی آیوگ اور دانشورانہ املاک سے متعلق عالمی تنظیم نے آج نئی دلی میں عالمی خطہئ جنوب کے ملکوں کے لیے اختراع، کاروبار اور دانشورانہ املاک سے متعلق مشترکہ پروگرام تیار کرنے کے لیے ایک اقرار نامے پر دستخط کئے ہیں۔ اِس موقع پر مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ نیتی آیوگ کے اٹل اختراع مشن اور WIPO کے درمیان شراکت داری ایک اہم قدم ہے اور اِس سے اِس سمت میں ترقی کرنے والے ملکوں کے لیے بھارت کے بہترین اختراعی ماڈل کو بروئے کار لایا جاسکے گا۔

## Home Padma Award

اعلیٰ ترین شہری اعزاز میں سے ایک پدم ایوارڈ 2025 کیلئے اِس سال 15 ستمبر تک نامزدگیاں داخل کی جاسکیں گی۔ مرکزی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ پدم ایوارڈز کے لیے نامزدگیاں اور سفارشات راشٹریہ پرسکار پورٹل پر آن لائن موصول کی جائیں گی۔ پدم ایوارڈز میں ملک کے اعلیٰ ترین شہری ایوارڈ پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری شامل ہیں۔ 1954 میں شروع کئے گئے اِن ایوارڈز کا ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر اعلان کیا جاتا ہے۔ فن، ادب اور تعلیم، کھیل،

ادویات، سماجی کام کاج، سائنس اور انجینئرنگ اور تجارت وصنعت کے شعبوں میں غیر معمولی کارکردگی کے صلے میں یہ ایوارڈ پیش کئے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر اور سائنسدانوں کے علاوہ سرکاری اداروں میں کام کرنے والے ملازمین پدم ایوارڈ کیلئے اہل نہیں ہوتے۔

## IMD-Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے اتراکھنڈ میں آج اور ہماچل پردیش، مغربی مدھیہ پردیش اور گجرات میں کل تک بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ مہاراشٹر میں پچھلے 2 روز سے شدید بارش کے سبب Vidarbh کے کچھ مشرقی حصے میں سیلاب کی سی صورتحال ہے۔ ممبئی پولیس نے شہریوں کے لیے ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں اُن سے شہر میں شدید بارش کے پیش نظر ساحلی علاقوں میں نہ جانے کو کہا گیا ہے۔تلنگانہ میں مختلف حصوں میں مسلسل شدید بارش جاری رہنے کی وجہ سے کچھ مقامات میں سیلاب کی صورتحال ہے۔ کرشنا اور گداوری دریا شدید بارش کے سبب طغیانی پر ہیں۔